بقیہ 1

ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچرل سائنسز، ڈائریکٹر میں ہوز سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، ڈائریکٹر میں "ہیومن نیوٹریشن اینڈ ڈائیٹیٹکس" کنٹرولر امتحانات، ڈائریکٹر ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ سمیت مختلف انتظامی عہدوں پر فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے ڈاکٹر امتیاز حسین کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ کشمیر یونیورسٹی جامعہ کے ویژن اور مشن کے مطابق فیکلٹی کو فعال بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایگریکلچر جامعہ کی مادر فیکلٹی ہونے کیساتھ ساتھ ایک اہم فیکلٹی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ڈاکٹر امتیاز حسین فیکلٹی کے اہداف کو علاقائی زرعی ترقی کی ترجیحات سے ہم آہنگ کرتے ہوئے مقامی کسانوں اور کمیونٹی کی تربیت کیلئے آؤٹ ریچ پروگراموں کو وسعت دینگے۔ دریں اثناء سابق ڈین ڈاکٹر ناصر رحیم، رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف، ایڈیشنل رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالحق سمیت مختلف فیکلٹیز کے ڈینز، صدور شعبہ جات، ڈائریکٹر فنانس عدنان جاوید، صدر ایڈمنسٹریشن سٹاف ایسوسی ایشن محمد خلیق خان اور دیگر نے ڈاکٹر امتیاز حسین کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ 2

کرنے کے فیصلے کا دفاع کرتے ہوئے بھارت کے لیے 21 ملین ڈالر کی امداد پر سوال اٹھایا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ "بھارت دنیا کے سب سے زیادہ ٹیکس عائد کرنے والے ممالک میں شامل ہے، ہم وہاں سے زیادہ فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ نریندر مودی اور بھارت کا احترام ہے، لیکن ہمیں اپنے ٹیکس دہندگان کے پیسے کی حفاظت کرنی چاہیے۔" خیال رہے کہ چند روز قبل DOGE نے حکومتی اخراجات میں کمی کے تحت 273 ملین ڈالر کی بیرونی امداد بند کرنے کا اعلان کیا تھا، جس میں سے 21 ملین ڈالر بھارت کو ملنے تھے۔ اس فیصلے کے بعد بھارت کی اکنامک ایڈوائزری کونسل کے ممبر سنجیو سانیال نے USAID پروگرام کو انسانی تاریخ کا سب سے بڑا فراڈ قرار دیا تھا۔

بقیہ 3

حسن قرأت کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر سے 100 قرأ حضرات کو شرکت کا موقع فراہم کیا گیا، ان میں سے آزاد کشمیر کی جانب سے پہلی پوزیشن الحمدللہ ضلع باغ چتروٹ سے تعلق رکھنے والے حافظ قاری عبدالوہاب زرین نے حاصل کی ہے۔

بقیہ 4

ٹیکس چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں مزید 72 ڈبل ڈیکر بسیں خریدی جائیں گی۔ اجلاس میں بسوں کی خریداری اور نئے روٹس پر بسیں چلانے کے سلسلے میں سول ورکس مکمل کرنے کے لئے 6 ماہ کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی ہے۔ بی آر ٹی کے زیر تعمیر پلازوں پر پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔

